K.D.A
Overseas Pakistanis Bungalows Welfare Association

# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 094

20 دسمبر 2021

## کارگزاری اور اہم نکات 9 واں جنرل باڈی اجلاس
## منعقدہ 19 دسمبر 2021 بمقام ایچ پارک سبزہ زار۔

ایک اجلاس عام مقررہ تاریخ 19 دسمبر بوقت دو بجے دن مقرر کردہ مقام پر منعقد کیا گیا جس میں 108 ارکان نے شرکت کی۔ اس اجلاس عام کی کارگزاری ذیل میں پیش کی جارہی ہے۔

۱۔ آغاز قاری نزیر الحق صاحب کی تلاوت کلام پاک اور مختصر خطاب سے ہوا۔ نظامت کے فرائض ممبر محمد علی خان نے انجام دیئے۔

۲۔ سبکدوش ہونے والے جنرل سیکریٹری جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب نے اپنی چار سالہ (2017-2021) مدت کی کارکردگی کے اہم نکات بیان کیے اور پوری ٹیم کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ساتھ ہی انہوں نے اور سیز کے مکینوں کی غالب اکثریت کی جانب سے 12 دسمبر کو ہونے والے الیکشن میں حصہ لینے اور B پینل کے تمام امیدواروں پر اعتماد کرنے اور کامیابی دلانے پر بھی تمام مکینوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اس پورے چار سالہ دور میں مکینوں کی جانب سے بھی بھرپور اعانت فراہم کی گئی اور ایسوسی ایشن کی بھرپور کاوشوں سے آمدنی کے ذرائع بھی پیدا کیے گئے جس کی بدولت متعدد ترقیاتی کام کروانا ممکن ہوسکا۔

۳۔ بعد ازاں سبکدوش ہونے والے جنرل سیکریٹری حبیب الرحمٰن خان، جوائنٹ سیکریٹری ملک ندیم احمد، خزانچی امتیاز احمد صدیقی، ممبران مسز کرن جمال ثمینہ، محمد علی خان اور سابق صدر محمد عمیر کریمی صاحب کو ان کی بیش بہا خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا اور انہیں یادگاری شیلڈ اور پھول پیش کیے گئے۔

۴۔ بعد ازاں منتخب اراکین کا تعارف منتخب جنرل سیکریٹری جناب یونس محی الدین نے کروایا اور الیکشن کمیٹی کے ممبر سید نظر علی نے منتخب نمائندوں سے حلف لیا۔

۵۔ حبیب الرحمٰن خان سابقہ جنرل سیکریٹری نے نو منتخب جنرل سیکریٹری یونس محی الدین کو ذمہ داریاں ایک چابی کی شکل میں تفویض کیں جبکہ خزانچی اور جوائنٹ سیکریٹری نے بھی ذمہ داریوں کا تبادلہ کیا۔ اس کے بعد جناب یونس محی الدین صاحب نے اپنے مختصر خطاب میں اتنی بڑی تعداد میں خواتین و حضرات کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اپنے اور اپنی ٹیم کی طرف سے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اور ان کی ٹیم اسی حوصلے اور جذبے کے ساتھ اور سیز کے لوگوں کی خدمت بلاتفریق نہ صرف جاری رکھیں گے بلکہ اس میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ نئے ترقیاتی اور مفاد عامہ کے کاموں پر اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھیں گے۔

اجلاس کے اختتام پر حاضرین کی تواضع گرما گرم حلیم اور چائے سے کی گئی۔

شکریہ:

منجانب: جنرل سیکرٹری و ممبران ایسوسی ایشن